**13-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ حکومت بھارت۔بحرالکاہل اور بحیرۂ روم خطے میں تعاون کو فروغ دینے کی پابند ہے۔ وزیر اعظم جی 7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے اٹلی کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔

☆ مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو پی ایم پوشن کے تحت تغذیاتی تعاون ملے۔

☆ حکومت کا کہنا ہے کہ وہ گیہوں کی بازار کی قیمت پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے ۔ اُس نے یقین دلایا ہے کہ خاطر خواہ ذخائر دستیاب ہیں۔

☆ مہاراشٹر کے ناگپور میں پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں ہوئے دھماکے میں چھ افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ محکمۂ موسمیات نے شمال مغربی ، شمالی اور مشرقی بھارت میں گرمی کی لہر سے متعلق اورینج اور ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ ٹینس میں یوکی بھامبری اور **Albano Olivetti** جرمنی میں **Stuttgart** اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PM ITALY DEPARTURE**

وزیر اعظم نریندر مودی G-7 چوٹی کانفرنس میں حصہ لینے کے لیے آج شام اٹلی کے Apulia روانہ ہو گئے ہیں۔ اپنی روانگی سے پہلے وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت، بھارت-اٹلی اسٹریٹیجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کے تئیں عہد بستہ ہے اور بھارت-بحرا کاہل اور بحیرۂ روم خطّوں میں اشتراک کو بڑھانے کا عزم کیے ہوئے ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ وہ اٹلی کی وزیر اعظم جیورجیا میلونی کی دعوت پر G-7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے اٹلی کے Apulia کا دورہ کر رہے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اُنہیں اس بات کی خوشی ہے کہ وہ اپنی تیسری مدّت کا پہلا غیر ملکی دورہ اٹلی کا کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے اٹلی کی وزیر اعظم جیورجیا میلونی کے بھارت دورے کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ میلونی کے گزشتہ سال بھارت کے دونوں دورے، باہمی ایجنڈے میں گہرائی اور تحریک پیدا کرنے کا باعث رہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ G-7 چوٹی کانفرنس کے رسائی کے اجلاس کے دوران مصنوعی ذہانت، افریقہ اور بحیرۂ روم پر توجہ مرکوز رہے گی۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ یہ تبادلۂ خیال بھارت کی صدارت میں ہوئی G-20 کانفرنس کے ماحصل اور آنے والی G-7 چوٹی کانفرنس کے درمیان مطابقت پیدا کرنے کا موقع فراہم کرے گا تاکہ عالمی خطّہ جنوب کو درپیش معاملات پر غور و خوض کیا جا سکے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ وہ G-7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کرنے والے دیگر رہنماؤں سے ملاقات کے بھی منتظر ہیں۔x

**G7 - UKRAINE**

اٹلی میں گروپ 7 کے ممبر ملکوں نے روس کے منجمد اثاثوں سے حاصل رقم کو استعمال کرتے ہوئے یوکرین کو 50 ارب ڈالر دینے سے اتفاق کیا ہے۔ یوکرین قرض کے اِس پیکیج کو روس کے خلاف اپنے فوجی دفاع کو مضبوط کرنے کیلئے، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو کیلئے اور یوکرین کے سرکاری بجٹ کیلئے فنڈ مہیا کرنے کی غرض سے استعمال کرے گا۔ امریکی حکومت نے بتایا کہ روس کے مرکزی بینک کی تقریباً 280 ارب ڈالر کی رقم کو ، اُس پر عائد پابندیوں کی وجہ سے مغربی ممالک میں منجمد کردیا گیا تھا۔ اِس رقم کا بیشتر حصہ یوروپی یونین ہی میں ہے۔ اِس بلاک کے ممبر ملکوں نے حال ہی میں روس کے سرکاری اثاثوں پر سود کی آمدنی کو یوکرین کیلئے مالی امداد فراہم کرنے کی غرض سے استعمال کرنے کی منظوری دی تھی۔

برسلز میں واقع مالیاتی ادارے Euroclear نے حال ہی میں بتایا کہ اُسے 2023 میں سود کی شکل میں تقریباً چار اعشاریہ سات ارب ڈالر وصول ہوئے ہیں۔ x

## EDUCATION MIN

وزارتِ تعلیم نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو پی ایم پوشن کے تحت مفت اور لازمی تعلیم کے حق کی روشنی میں درکار سہولیات اور تغذیاتی تعاون فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔ آج جاری ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ یہ ایڈوائزری اُن ضروری اقدامات کی ضرورت پر زور دیتی ہے ، جن سے اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سبھی سرکاری یا امداد یافتہ ، گھر میں چل رہے یا خصوصی اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے خصوصی ضروریات کے حامل سبھی طلباء کو مفت اور لازمی تعلیم کے حق سے متعلق سبھی سہولیات مہیا کرائی جائیں۔

اِن میں مفت وردی ، مفت نصابی کتب ، سمگر شکشا اسکیم کے سب کی شمولیت والی تعلیم کے عنصر کے تحت درکار ضروری اشیاء اور پی ایم پوشن کے تحت مِڈ ڈے میل شامل ہیں۔ x

## GOVT. WHEAT PRICE

حکومت نے آج کہا ہے کہ وہ گیہوں کی قیمت پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ غذا، صارفین کے امور اور عوامی نظامِ تقسیم کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بے ایمان عناصر کی جانب سے ذخیرہ اندوزی کو روکنے اور بازار میں گیہوں کی قیمت کو مستحکم رکھنے کی خاطر ضروری اقدامات کرے گی۔

وزارت نے کہا کہ غذا اور عوامی نظامِ تقسیم کے محکمے کے مطابق سال 2024 کے ربیع مارکیٹنگ سیزن میں 112 ملین میٹرک ٹن گیہوں کی پیداوار ہوئی ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ ربیع مارکیٹنگ سیزن کے دوران اِس مہینے کی 11 تاریخ تک فوڈ کارپوریشن آف انڈیا نے تقریباً 266 لاکھ میٹرک ٹن گیہوں خریدا ہے۔

وزارت نے مزید کہا کہ تقریباً 184 لاکھ میٹرک ٹن پر مبنی عوامی نظامِ تقسیم اور دیگر فلاحی اسکیموں کی ضروریات پورا کرنے کے بعد بھی بوقتِ ضرورت بازار کے لیے گیہوں کی وافر مقدار دستیاب رہے گی۔ سال کی ہر سہ ماہی کے لیے ''بفر اسٹاک'' کے قوانین بدلتے رہتے ہیں۔x

## NAGPUR - FIRE ACCIDENT

مہاراشٹر میں پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں زبردست دھماکہ ہونے سے چھ افراد کی موت اور چار دیگر شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ آج دوپہر ناگپور شہر کے نزدیک ہنگانہ تعلقہ کے دھانہ میں پیش آیا۔ زخمیوں کو فوری طور پر ناگپور کے ایک نزدیکی پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری نے سوشل میڈیا کے ذریعہ اس حادثے پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور اپیل کی ہے کہ ان کے لیے ناگپور میں منعقد کی جانے والی استقبالیہ تقریب

کو منسوخ کر دیا جائے۔x

## NEET - RETEST

NEET Under Graduate امتحان میں شریک اُن سبھی ایک ہزار 563 امیدواروں کو اِس ماہ کی 23 تاریخ کو دوبارہ امتحان دینا ہوگا ، جنہیں امتحان میں Grace یا رعایتی نمبر دیئے گئے۔ آج جاری ایک نوٹفکیشن میں قومی ٹسٹنگ ایجنسی NTA نے کہا کہ وہ جلد ہی ایک پبلک نوٹس جاری کرے گی اور ای میل کے ذریعے بھی اِن امیدواروں سے رابطہ قائم کرے گی تاکہ اِس بات کو یقین بنایا جاسکے کہ انہیں باضابطہ اطلاع موصول ہوگئی۔ NTA نے بتایا کہ NTA کی اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کی رپورٹ پر سپریم کورٹ کے مشاہدے کے مطابق دوبارہ امتحان کئے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ عدالت کا مشاہدہ تھا کہ سبھی ایک ہزار 563 امیدواروں کو دیئے گئے Grace یا رعایتی نمبر واپس لئے جاتے ہیں۔ x

## NSA - PS APPOINTMENT

اجیت ڈوبھال کو قومی سلامتی مشیر کے طور پر اور ڈاکٹر پی کے مشرا کو وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری کے طور پر دوبارہ مقرر کیا گیا ہے۔ دونوں شخصیات کی تقرری 10 جون سے کی گئی ہے۔ تقرری سے متعلق کابینہ کمیٹی نے آج اِن تقرریوں کی منظوری دے دی۔ اہلکاروں ، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے بتایا کہ سابق IPS جناب ڈوبھال اور سابق IAS جناب مشرا کی تقرری وزیر اعظم کے عہدے کی مدت تک یا مزید احکامات تک ، اِن میں سے جو بھی کوئی پہلے ہو ، جاری رہے گی۔ جناب ڈوبھال اور جناب مشرا دونوں ہی کو ، اُن کی مدتِ کار کے دوران Table of Precedence میں کابینہ کے وزیر کے درجے پر مانا جائے گا۔ تقرری کے بعد جناب ڈوبھال نے نئی دلّی میں آج وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے ملاقات کی۔ x

## JAISHANKAR - ISRAEL FM

امور خارجہ کے وزیر ڈاکٹر ایس جے شنکر سے آج شام اسرائیل کے وزیر خارجہ Israel Katz نے فون پر بات کی۔ دونوں وزراء نے بھارت - اسرائیل تعاون کو آگے لے جانے کے سلسلے میں اپنے عزم کی توثیق کی۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ انہوں نے اپنے اسرائیلی ہم منصب کے ساتھ علاقائی صورتحال پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

## MEA - JAMMU & KASHMIR

بھارت نے پاکستان اور چین کی جانب سے سات جون کو جموں و کشمیر سے متعلق دیے گئے مشترکہ بیان کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔

میڈیا کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جموں و کشمیر اور لدّاخ بھارت کا اٹوٹ حصہ تھے، ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ ترجمان نے کہا کہ کسی اور ملک کو اس معاملے پر تبصرہ کرنے کا حق نہیں ہے۔ ترجمان نے مزد کہا کہ اسی مشترکہ بیان میں نام نہاد چین-پاکستان اقتصادی راہداری CPEC میں جاری سرگرمیوں اور پروجیکٹوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے، جن میں سے کچھ بھارت کی خود مختار حدود میں آتے ہیں اور جن پر پاکستان نے غیر قانونی طریقے سے غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔

ترجمان نے کہا کہ بھارت اِن علاقوں میں پاکستان کے غیر قانونی قبضے کو جائز ٹھہرانے کی دیگر ممالک کی کسی بھی ایسی کوشش کی یکسر مخالفت کرتا ہے اور اُسے مسترد کرتا ہے، جو بھارت کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت سے ٹکراتی ہے۔×

## KV SINGH KUWAIT

امورِ خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھان سنگھ نے آج کویت کے پہلے نائب وزیر اعظم شیخ فہد یوسف سعود الصباح سے آج ملاقات کی۔ نائب وزیر اعظم نے امیرِ کویت کی جانب سے تعزیت پیش کی اور بتایا کہ اُن کی طرف سے ہدایات ملی ہیں کہ آگ لگنے کے حالیہ حادثے میں ہر قسم کے ضروری تعاون اور امداد کو یقینی بنایا جائے۔

کویت میں بھارتی سفارتخانے نے بتایا کہ وزیر مملکت نے امیر کو وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نیک خواہشات پیش کیں اور نائب وزیر اعظم اور کویت کی قیادت کا شکریہ ادا کیا کہ کویتی حکام کی جانب سے سرگرمی کے ساتھ سہولیات بہم پہنچائی گئیں ۔

اِس سے قبل کویت کے اہلکاروں نے آگ کے واقعے کی تحقیقات شروع کردیں ، جو اُس رہائشی عمارت میں لگی تھی، جہاں غیرملکی کارکن رہائش پذیر تھے۔ جنوبی منگف علاقے کی عمارت میں لگی اِس آگ میں کم از کم 49 افراد ہلاک اور دیگر کئی زخمی ہوئے۔ x

## UN DISPLACED

اقوامِ متحدہ نے آج کہا ہے کہ 2023 کے آغاز سے مئی 2024 کے درمیان ریکارڈ 12 کروڑ افراد کو عالمگیر سطح پر کسی نہ کسی دباؤ میں اپنے گھر سے دور ہوکر پناہ گزیں کے طور پر رہنا پڑا ہے۔ نئے اعداد و شمار اقوام متحدہ

کی پناہ گزینوں سے متعلق ایجنسی UNHCR کی جانب سے جاری گلوبل ٹرینڈس رپورٹ میں بتائے گئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تقریباً 11 کروڑ 73 لاکھ افراد 2023 کے اختتام تک زبردستی پناہ گزیں بنائے گئے ۔ x

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اِن دنوں جاری گرمی کی شدید لہر کے سلسلے میں شمال مغربی ، شمالی اور مشرقی بھارت میں کل کیلئے اورینج اور ریڈ الرٹ جاری کی ہے۔ محکمے کا کہنا ہے کہ پنجاب ، ہریانہ ، اترپردیش ، بہار ، جھارکھنڈ ، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے کچھ حصوں میں اگلے دو دنوں تک شدید گرمی سے انتہائی شدید گرمی تک کی صورتحال رہے گی۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے محکمۂ موسمیات کے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینا منی نے بتایا کہ آنے والے دنوں میں ، اِن خطوں میں اوسط درجۂ حرارت میں پانچ سے چھ ڈگری سیلسیس تک بڑھنے کا امکان ہے۔ اِدھر شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں اگلے سات دنوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے مزید بتایا کہ اگلے پانچ دنوں میں گوا اور مہاراشٹر میں گرج چمک ، بجلی کی کڑک اور پچاس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے چلنے والی تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش کا امکان ہے۔ اگلے پانچ دنوں کے دوران کرناٹک ، کیرالہ ، لکشدیپ ، آندھرا پردیش ، تلنگانہ ، تمل ناڈو، پڈو چیری اور انڈمان نکوبار جزائر میں موسم کی یہی صورتحال رہے گی۔ x

## TENNIS - STUTTGART OPEN

ٹینس میں بھارت کے یُکی بھامبری اور اُنکے فرانسیسی جوڑی دار Albano Olivetti جرمنی میں جاری Stuttgart Open میں مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ بھامبری اور Olivetti نے فرانس کے Theo Arribage اور Sadio Doumbio کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں 6-3، 6-2 سے ہرا دیا۔ بھامبری اور Olivetti کی جوڑی کا مقابلہ ہفتے کے روز برطانیہ کے Julian Cash اور امریکہ کے Robert Galloway پر مشتمل جوڑی سے ہوگا۔x

## BADMINTON

بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی ایچ ایس Prannoy اور Sameer Varma سڈنی میں آج اپنے اپنے مخالف کھلاڑیوں سے جیت حاصل کرکے آسٹریلین اوپن کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

پانچویں درجے کے Prannoy کو اسرائیل کے میشا کو ہرانے میں صرف 46 منٹ لگے۔ انہوں نے 21-17 ، 21-15 سے شکست دی ، جبکہ ورما نے سنگاپور کے Loh کو 21-14 ، 14-21 ، 21-19 سے شکست دی۔
اِدھر آکرشی کشیپ بھی آسٹریلیا کی Kai کو ہراکر خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ x

## NCRB - APP

NCRB نے NCRB Sanklan of Criminal Laws کے نام سے ایک موبائل ایپ لانچ کیا ہے، جس کا مقصد تمام نئے فوجداری قوانین کی مکمل معلومات ایک ہی جگہ پر فراہم کرنا ہے۔ نئے فوجداری قوانین اگلے ماہ کی پہلی تاریخ سے نافذ العمل ہوں گے۔ یہ ایپ بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم کا مجموعہ ہے۔ اس میں تمام شقوں اور دفعات سے متعلق ایک فہرست بھی فراہم کی گئی ہے۔ اِس موبائل ایپ میں نئے اور پرانے قوانین کے درمیان تقابلی تعلق قائم کرنے کے لیے فہرست وار چارٹ دیا گیا ہے۔ یہ ایپ انٹرنیٹ کی عدم موجودگی میں آف لائن طرز پر بھی کام کر سکتا ہے اور یہ گوگل پلے اسٹور اور Apple ایپ اسٹور پر بھی دستیاب ہے۔

یہ ایپ عوام، عدالتی حکام، وکلاء، قانون کے طلبا اور پولیس افسران کے لیے کارآمد ہوگا، جو نئے فوجداری قوانین سے متعلق اپنی معلومات میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆